


السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ ذاکری کی تربیتی کلاسز سے مکمل استفادہ فرمارہے ہوں گے۔

ساتویں ہفتے کے تین دروس آج بھیجے جارہے ہیں۔

امید ہے کہ آپ مختصر مدت کی مجلس اپنے انداز میں پڑھ کر ریکارڈ کر کے سن رہے ہوں گے اور ناقدانہ اپنا جائزہ لے رہے ہوں گے۔

اگر ممکن ہو تو اپنا تاثرات ہمیں بھیجتے رہا کریں تاکہ ہمیں اندازہ رہے کہ طالب علم ان دروس سے کس قدر استفادہ کر رہے ہیں۔

والسلام

انتظامیہ مدرسۃ القائمؑ

# اس ہفتے کے دروس

## مجلسِ عزاء کے تبرّک کے اخلاقی و فقہی احکام اور اعتراضات کے جوابات

https://www.youtube.com/watch?v=m3IJbdsMvYU

https://vimeo.com/472585870

--------------------------------

## مجلسِ عزا میں فقہی مسائل کو کس حکمت سے بیان کریں؟

https://www.youtube.com/watch?v=cPpxE8r18hI

https://vimeo.com/472579614

--------------------------------

## مجلسِ عزا کا فارمیٹ کیسا ھونا چاہئے؟

https://www.youtube.com/watch?v=yx8vG2CpP9k

https://vimeo.com/472587644

# اس ہفتے کی پوسٹس کا حفظ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# حضرت فاطمۃ الزہراؑ کے القابات

| | |
|---|---|
| مَرْضِیَّہ | خدا کی طرف سے راضی ہونے والی |
| محرومہ | جس کو اُس کے حق سے محروم کردیا گیا ہو |
| مغصوبہ | جس کے حق کو چھین لیا گیا ہو |
| مظلومہ | جس پر شدید ظلم وزیادتی کی گئی ہو |

www.facebook.com/madrasatulqaaim


محنت سے کمانے میں
پانی پر چلنے جتنی کرامت
حضرت امام جعفر صادقؑ سے پوچھا گیا
کہ آخر کیا وجہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے اصحاب
پانی کے اوپر چلا کرتے تھے
جبکہ اصحابِ حضرت محمد ﷺ میں یہ کیفیت نہیں پائی جاتی؟
تو آپؑ نے فرمایا: اس لئے کہ عیسیٰؑ کے حواری
فکرِ معاش سے بے نیاز تھے
جبکہ اصحابِ حضرت محمد ﷺ کو فکرِ معاش دامن گیر تھی۔
(تھذیب الاحکام۔ جلد6۔ صفحہ327)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


6 لاکھ انسانوں کی دوزخ سے نجات
حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ
شبِ جمعہ و جمعہ میں چوبیس ساعتیں ہیں
اور ہر ایک ساعت میں خداوندِ عالم
6 لاکھ انسانوں کو جہنّم سے آزاد کرتا ہے۔
جمعہ
مفاتیح الجنان و باقیات الصالحات
چوتھی فصل ----جمعرات اور جمعہ کے فضائل
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شوہر پر احسان جتانا

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو عورت زیادہ مالدار ہونے کی وجہ سے

## شوہر پر احسان جتلائے

اور کہے: تم تو میرے مال سے کھا رہے ہو!

ایسی عورت اگر اپنا سارا مال راہِ خدا میں انفاق کردے

تو بھی اللہ اُس سے قبول نہیں کرے گا یہاں کہ وہ

اپنے شوہر کو راضی کرے۔۔

(مکارم الأخلاق 1:441)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# گھر کے کام کا اَجر و ثواب

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو عورت سات دن اپنے شوہر کی خدمت کرے تو اللہ تعالیٰ
اُس کیلئے دوزخ کے ساتوں دروازے بند کر دے گا
اور جنّت کے آٹھوں دروازے کھول دے گا،
جس سے چاہے داخل ہو جائے۔۔

(ارشاد القلوب۔ دیلمیؒ)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا

ذلیل ترین انسان وہ ہے جو لوگوں کی توہین کرتا ہے۔۔


(بحارالانوار جلد ۷۸ ص ۱۹۲)

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

خدا کی قسم نیک لوگ کامیاب ہو گئے
کیا تم جانتے ہو کہ وہ کون ہیں۔؟
وہی جو چیونٹی تک کو اذیّت نہیں دیتے

(بحارالانوار جلد ۷۵ ص ۲۴۷)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


سورۃ الاحزاب
بہنوں اور بیٹیوں کے اچھے رشتے
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو شخص سورۂ احزاب کو ہرن کی کھال پر لکھ کر تنگ منہ والی بوتل میں
رکھ کر گھر میں رکھے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُس کی بہنوں، بیٹیوں
اور دوسرے رشتہ داروں کی شادی کیلئے اچھے رشتے آئیں گے
خواہ یہ انسان غریب ہی کیوں نہ ہو۔۔
تفسیر مجمع البیان۔ علامہ طبرسیؒ۔ جلد 4۔ ص 334
تفسیر نمونہ۔ آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی۔ جلد 17۔ ص 183
تفسیر برھان۔ ہاشم بحرانیؒ۔ جلد 6۔ ص 216
مجربات امامیہ ص 21
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اکثریت کا عمل دیکھ کر گمراہ نہ ہوں

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

## اگر لوگوں کی اکثریت کی پیروی کرو گے تمہیں گمراہ کردیں گے۔

حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

## راہِ حق میں طرفداروں کی قلّت کی وجہ سے نہ ڈرو۔

(کتاب امر بمعروف اور نہی از منکر۔ اُستاد محسن قرأتی۔ صفحہ360)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.) مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

# روحانیت و معنویت کو حاصل کرنے کی ایک آسان راہ




آیت اللہ سیّد علی آقا قاضیؒ فرماتے تھے کہ روحانیت و معنویت کو حاصل کرنے کی ایک راہ ہر شخص کے ہاتھ میں ہے اور ہر شخص کو اس پر دسترس حاصل ہے اور وہ ہے 500 سے 1000 سجدے روزانہ انجام دینا۔۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# اللہ سے ملاقات توبہ کے بعد کیجئے

حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السّلام نے فرمایا

## اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے لئے
## بہترین چیز
## دل کی نصیحت
## اور گناہ سے توبہ ہے۔



(حوالہ: تجلیاتِ حکمت۔ صفحہ96)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اپنے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والوں پر نظرِ ثانی کیجئے

حضرت امیرالمومنین
امام علی علیہ السلام نے فرمایا

عقل مند کی ہم نشینی
ضرر و نقصان سے محفوظ رکھتی ہے۔

نیک لوگوں کی ہم نشینی
شرف و سربلندی کا
باعث ہوتی ہے۔

بُرے لوگوں کی صحبت
نقصان و ضرر کا
باعث ہوتی ہے۔

(ہدایۃ العلم و غرر الحکم۔ حصہ اول۔ صفحہ 49)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


عذابِ الٰہی سے
بچنے کا طریقہ
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
مومن عذابِ الٰہی سے اُس وقت تک
رہائی نہیں پا سکتا جب تک کہ چار چیزوں کو ترک نہ کرے۔
بخل، جھوٹ، اللہ کے بارے میں بدگمانی اور تکبر۔
(اثنی عشریہ۔ صفحہ 158 / ارشاداتِ رسولؐ۔ صفحہ 100)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


بڑا عبادت گزار کون؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو شخص ان فرائض کو ادا کرے
جو خدا نے اُس پر واجب کئے ہیں
تو وہ شخص بڑے عبادت گزاروں میں سے
ایک عبادت گزار ہے۔
تفسیر نور الثقلین
جلد اوّل۔صفحہ83
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم



بے غیرتی کیا ہے؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
غیرت ایمان کا
اور بے غیرتی
مرد و زن کے کھلے ملاپ
اور نفاق کا جزو ہے۔
(میزانِ حکمت۔ جلد7۔صفحہ516)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
محمد رسول اللہ
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# بھرے پیٹ کی خرابی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السّلام نے فرمایا

پُرخوری و شکم سیری
پرہیزگاری کے لئے مضر ہے۔

گناہوں کا بہترین مدد گار
شکم سیری
ہے۔



(منتخب میزان الحکمت۔ جلد اوّل۔ صفحہ 54)

www.facebook.com/madrasatulqaaim




# جمعہ کے دن کی شفاعت

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

قیامت کے دن جب تمام اعمال مجسّم ہوکر سامنے آئیں گے تو جمعہ کا دن
دلہن کی مانند سجا ہوا، خوبصورت نظر آرہا ہوگا اور بہشت کے دروازے پر
کھڑا ہوکر جو لوگ جمعہ کے دن کثرت سے **درود** پڑھتے ہوں گے
اُن کی شفاعت کرے گا۔ راوی نے پوچھا: کتنی اور کس وقت پڑھا جائے۔؟
امام علیہ السلام نے فرمایا: **سو مرتبہ** عصر کے وقت۔۔

(بحارالانوار جلد 89 ص 353)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


۳۴ اللہ اکبر
۳۳ الحمد للہ
۳۳ سبحان اللہ
تسبیحِ حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام
امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص تسبیحِ فاطمۃ الزہرا علیہا السلام پڑھے
اور پھر اللہ سے طلبِ مغفرت کرے تو اُس کیلئے مغفرت ہے،
یہ زبان سے پڑھنے میں سو 100 اور میزان میں ہزار ہے،
یہ تسبیح شیطان کو بھگاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کو راضی کرتی ہے۔۔
(ثواب الاعمال۔شیخ الصدوقؒ۔ص178)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


یا فاطمۃ الزہرا
حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام نے فرمایا
بندۂ مومن سے خوش اخلاقی سے پیش آنا
انسان کو جنّت کا حق دار بناتا ہے اور
سرکش دشمن سے خوش اخلاقی سے پیش آنا
انسان کو آتشِ جہنم سے بچاتا ہے۔۔
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
(بحارالانوار جلد۷۲ ، عوالم جلد۱۱ ، مستدرک الوسائل جلد۲)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# فضول گفتگو کی زیادتی دل کو سخت کرتی ہے

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

ذِکرِ الٰہی کے علاوہ زیادہ باتیں نہ کیا کرو
کیونکہ ذِکرِ الٰہی کے علاوہ کثرتِ کلام
دل کو سخت کر دیتا ہے
جبکہ اللہ سے زیادہ دُور وہ شخص ہوتا ہے
جس کا دل سخت ہوتا ہے۔

(بحار الانوار، جلد 93۔ صفحہ 164/ میزان حکمت۔ جلد 7۔ صفحہ 195)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# نماز کے لئے بہترین اہتمام کریں



حضرت امام حسنؑ جب بھی نماز پڑھنے کے لئے اُٹھتے
تو بہترین لباس پہنتے تھے۔
آپؑ سے پوچھا گیا کہ: آپؑ بہترین لباس کیوں پہنتے ہیں؟
آپؑ نے فرمایا: خدا زیبا ہے اور زیبائی کو پسند کرتا ہے
پس خود کو خدا کے لئے زیبا بناتا ہوں۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مسجد میں زینت کے ساتھ آؤ!
لہٰذا مجھے یہ پسند ہے کہ بہترین لباس پہن کر نماز پڑھوں۔

**(بحارالانوار (بیروت)۔ جلد80۔ صفحہ175)**

www.facebook.com/madrasatulqaaim




## حضرت نوحؑ کی دعوت پر لبّیک کہنے والے کا ثواب حاصل کریں

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

# سورۂ معارج کی تلاوت کرنے والا حضرت نوحؑ کی دعوت پر لبّیک کہنے والے مومنین میں سے ہو گا۔

(تفسیرِ برھان ۔ جلد 8 ۔ صفحہ 112)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم


امامِ حسینؑ پر امامِ زمانہؑ کی عزاداری
حضرت امامِ زمانہ عجل اللہ تعالی فرجہ الشّریف سے نقل ہونے والی
حضرت امام حسین علیہ السّلام کی زیارت میں حضرتؑ ارشاد فرماتے ہیں:
فَلأنْدُبَنَّكَ صَبَاحاً وَمَسَاءً ، وَلأبْكِيَنَّ لَكَ بَدَلَ الدُّمُوعِ دَماً
اے میرے آقا! خدا کی قسم میں دن رات
آپؑ کی مظلومیت و مصیبت پر عزاداری کرتا ہوں
اور آنسوؤں کے بدلے خون روتا ہوں۔
بحار الانوار،ج101،ص320
یا لثارات الحسین
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# خواب میں رسولِؐ خدا کی زیارت و حاجت روائی

**حضرت رسولِؐ خدا ارشاد فرماتے ہیں:**

جو شخص باقاعدگی سے
سورۂ مزّمل کی تلاوت کرے گا
وہ خواب میں نبی (حضرت رسولِؐ خدا) کی
زیارت کرے گا
اور پھر جو دل چاہے
اُن سے مانگ لے۔

(تفسیرِ برہان۔ جلد8۔ صفحہ 146)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# عزم و ارادہ احتیاط اور دور اندیشی کے ساتھ

علی ابن ابی طالب

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

**جب عزم و ارادہ**

**احتیاط اور دور اندیشی کے ساتھ کیا جائے**

**تو کامیابی اور سعادت کا ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔**

(غرر الحکم/انسان کے کمال میں اخلاق کا کردار۔صفحہ552)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

# قبر کے لئے
# اپنے اخلاق کو بہتر بنایئے

عہدِ رسولِ خدا میں ایک شخص مرگیا
گورکن اُس کے لئے قبر نہ کھود سکے
اُنہوں نے رسولِ خدا سے کہا کہ زمین اِتنی سخت ہے
کہ ہمارے اوزار کام نہیں کرتے یہ معلوم ہوتا ہے
کہ جیسے ہم پتھر پر اوزار مار رہے ہیں۔ رسولِ خدا نے فرمایا:
اگر یہ شخص اچھے اخلاق والا ہوتا تو ایسا نہ ہوتا
اچھا ایک پیالے میں پانی لاؤ آپؐ نے اُس میں ہاتھ ڈالا
اور زمین پر پانی چھڑکا مٹی ریت کی طرح بُھر بُھری ہوگئی
اور گورکنوں نے باآسانی قبر کھودلی۔

(اُصول کافی۔ جلد دوئم)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# قرض دینے کا فائدہ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا

قرضہ دینے کا ثواب اٹھارہ گُنا ہے
اور اگر انسان مرجائے تو
اُس کو زکوٰۃ میں شمار کیا جائے گا۔

(مکارم الاخلاق۔جلد اوّل۔صفحہ293/میزان حکمت۔جلد8۔صفحہ202)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# قرض لینے میں عُمر کا نقصان ہے

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

قرض کم لیا کرو
کیونکہ کم مقدار کا قرض لینے سے
عُمر زیادہ ہوتی ہے۔

(منتخب میزان حکمت۔جلد اوّل۔ صفحہ 317)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

# قیامت کے دن کون اندھا محشور ہو گا؟

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص دکھاوے اور کسی چیز کی
طلب کے لئے قرآن مجید پڑھتا ہے
وہ قیامت کے دن خداوندِ عالم کی
ملاقات اِس حالت میں کرے گا
کہ اُس کے چہرے پر گوشت نہیں ہو گا
صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو گا۔
جو شخص قرآن پڑھ کر اس پر عمل نہ کرے
خدا اسے قیامت کے دن
اندھا محشور کرے گا پس وہ کہے گا:

**رب لم حشرتنی اعمی**

اے میرے ربّ تو نے مجھے اندھا محشور کیوں کیا؟

(ثواب الاعمال۔صفحہ337/میزان حکمت۔جلد8۔صفحہ164)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# اپنے ذاتی عقائد و نظریات کا بوجھ قرآن پر نہ رکھیں



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

میں اپنے بعد اپنی اُمّت میں سے
اُن لوگوں سے زیادہ خوفزدہ ہوں
جو قرآن کی بے محل تاویلیں کریں گے۔

(منیة المرید، صفحہ369/میزان حکمت، جلد8، صفحہ170)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# رسولؐ اللہ کی رِحلت کے بعد اُن کے تبرّکات سے شفا طلبی

حضرت اسماء بنت ابی بکر کے آزاد کردہ غلام عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر نے طسیانی کسروان کا جُبّہ نکالا جس کے گریبان اور چاکوں پر ریشم کا کپڑا لگا ہوا تھا۔

کہنے لگیں: یہ حضرت عائشہ کے پاس تھا جب وہ فوت ہوئیں تو مَیں نے لیا، نبی کریمؐ اِس کو پہنتے تھے۔ہم بیماروں کے لئے اِس کو دھوتے اور اِس کے (توسّل کے) ساتھ بیماروں کے لئے شفاء طلب کرتے۔

(صحیح مسلم۔اللباس و الزینۃ۔ص:980)

---

امام نووی اس روایت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

**وفی ھذا الحدیث دلیل علی استحباب التبرک بآثار الصالحین وثیابھم**

یہ حدیث صالحین کے آثار اور اُن کے کپڑوں سے برکت حاصل کرنے کے استحباب پر دلیل ہے۔

(صحیح مسلم، امام نووی، ج:14، ص:270)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ


رسول اللہ ﷺ کی ضمانتیں
حضرت رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا
جو بندۂ مومن اوقاتِ نماز
اور سورج کے مقامات
(طلوع و غروب و زوالِ آفتاب) کا
نماز کی طرح اہتمام کرتا ہے تو میں اُس شخص کے
مرتے وقت راحت کی، رنج و غم کے دور ہونے کی
اور آتشِ جہنم سے نجات کی ضمانت دیتا ہوں۔
سفینۃ البحار
شیخ عباس قمی علیہ الرحمہ
جلد 2۔ صفحہ 43
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# سب سے شَجاع کون ہے؟


حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

## شَجاع ترین انسان وہ ہوتا ہے
## جو علم کے ذریعہ
## اپنی جہالت پر غلبہ حاصل کرے۔

(غرر الحکم/ میزان حکمت۔ جلد 5۔ صفحہ 65)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم



# صبر کیا ہے؟

حضرت امیر المومنین
امام علی علیہ السّلام نے فرمایا

صبر یہ ہے کہ انسان اپنے آپ پر
آنے والی مصیبتوں کو برداشت کرے
اور غصّہ کو قابو میں رکھے۔

(منتخب میزانِ حکمت۔ جلد اوّل۔458)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# منبرِ رسولؐ کو بوسہ دینا اور اُس سے تبرّک حاصَل کرنے پر امام احمد ابنِ حنبل کا نظریہ

علامہ نور الدین اَبو الحسن السمہودی لکھتے ہیں
کہ کتاب ''العلل والسئوالات'' میں عبد اللہ ابن احمد بن حنبل نے
اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ عبد اللہ نے کہا :
میں نے اپنے والد سے سوال کیا کہ ایک شخص نے
پیغمبرِ اسلام (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کے منبر کو مَس کیا
اور اُس سے تبرّک و توسّل کیا اور اسکو بوسہ دیا
اور یہی کام پیغمبرِ اسلام (صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم) کی قبرِ مبارک پر
ثواب کی اُمید سے اَنجام دیا تو کیا یہ صحیح ہے؟
تو امام احمد ابن حنبل نے جواب میں کہا کہ: **اِس میں کوئی اشکال نہیں ہے۔**

(کتاب وفاء الوفاء جلد 4 ص1404۔ نور الدین أبو الحسن السمهودي)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# خلع

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو بھی عورت اپنے شوہر سے ( ناحق ) خلع لے تو
اللہ تعالیٰ، اُس کے ملائکہ، اُس کے رسول ﷺ اور تمام انسانوں کی لعنت
اُس پر جاری رہے گی۔ یہاں تک کہ جب ملک الموت اُس پر نازل ہوگا تو کہے گا:
تمہیں جہنم کی بشارت ہو اور جب قیامت کا دن آئے گا تو اس سے کہا جائے گا:
جہنم میں داخل ہونے والوں کے ساتھ جہنم میں داخل ہو جاؤ۔

آگاہ ہو جاؤ کہ یقیناً اللہ و رسول ناحق خلع لینے والیوں سے بَری و بیزار ہیں۔۔

(عقاب الاعمال
شیخ صدوقؒ)

اور آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ اور اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُس شخص سے بھی بیزار ہیں جو عورت کو
اتنا ضرر پہنچائے کہ وہ خلع لینے پر مجبور ہو جائے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim